citizens advice

یونیورسل کریڈٹ کی درخواست میں مدد حاصل کریں



ہیلپ ٹو کلیم Citizens Advice کی ایک وقف شدہ خدمت ہے۔

یہ مفت، آزادانہ، خفیہ اور غیر جانبدارانہ ہے۔

ہمیں مفت کال کریں

0800 144 8 444

صلاح کاران صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ، دستیاب ہیں۔

ہم سے آن لائن چیٹ کریں

citizensadvice.org.uk/helptoclaim

چیٹ عام طور پر صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ، دستیاب ہے۔ اگر کوئی صلاح کاران دستیاب نہ ہوں تو چیٹ بکس ظاہر نہیں ہوگا۔

چیٹ کی مدد سے آپ ایک تربیت یافتہ صلاح کار کے ساتھ اپنے یونیورسل کریڈٹ کی درخواست کی کارروائی سے متعلق بات چیت کر پاتے ہیں، بالکل اسی طرح جیسے آپ فون پر یا رو برو کرتے۔

ہم سے رو برو گفتگو کریں

ہیلپ ٹو کلیم (Help to Claim) صلاح مقامی Citizens Advice کے دفاتر میں، اور دیگر مقامات جیسے لائبریریوں اور جاب سنٹرز میں، روبرو دستیاب ہے۔

ہماری ویب سائٹ پر اپنی قریب ترین رو برو خدمت کی تفصیلات حاصل کریں:
citizensadvice.org.uk/helptoclaim

ہماری آن لائن صلاح پڑھیں

citizesadvice.org.uk/helptoclaim

یونیورسل کریڈٹ کے لیے درخواست دینے کے بارے میں مزید پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ اس میں اس بابت معلومات شامل ہیں کہ کس طرح جانچ کریں کہ آیا آپ یونیورسل کریڈٹ کے لیے اہل ہیں اور یہ اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ درخواست کی کارروائی کے ہر ایک مرحلہ میں کیا کچھ شامل ہوگا۔

اچھی معیاری، آزادانہ صلاح۔ 80 سالوں سے ہر شخص کے لیے۔

ہم لوگوں کو ضروری معلومات اور اعتماد فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے آگے کا راستہ تلاش کر سکیں، خواہ وہ کوئی بھی ہوں اور ان کے مسائل کچھ بھی ہوں۔

خیراتی اداروں کا ہمارا نیٹورک آن لائن، فون پر، اور شخصی طور پر، مفت خفیہ صلاح فراہم کرتا ہے۔

درست ثبوت کے ساتھ، ہم کمپنیوں اور حکومت کو یہ دکھاتے ہیں کہ وہ کس طرح لوگوں کے لیے چیزوں کو بہتر کر سکتی ہیں۔

citizensadvice.org.uk

© Citizens Advice اپریل 2019

Citizens Advice نیشنل ایسوسی ایشن آف سٹیزنس ایڈوائس بیورو کا ایک آپریٹنگ نام ہے۔
رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 279057۔

ہیلپ ٹو کلیم Citizens Advice کی ایک نئی وقف شدہ خدمت ہے۔

ہمارے تربیت یافتہ صلاح کاران آپ کے یونیورسل کریڈٹ کلیم کے ابتدائی مراحل میں، درخواست دینے سے لے کر پہلی مکمل ادائیگی تک، مدد کر سکتے ہیں۔

یہ مفت، آزادانہ، خفیہ اور غیر جانبدارانہ ہے۔

آپ ہمارے صلاح کاروں سے فون پر، آن لائن چیٹ کے ذریعہ یا رو برو رابطہ کر سکتے ہیں۔

یونیورسل کریڈٹ کیا ہے؟

یونیورسل کریڈٹ ایک بینیفٹ ہے جو کہ آپ کی روزمرہ زندگی کے اخراجات میں معاون ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کام نہیں کر رہے ہیں یا اگر آپ کم آمدنی پر گزارہ کر رہے ہیں تو آپ اسے حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

یہ آہستہ آہستہ 6 دیگر بینیفٹس کی جگہ لے رہا ہے:

- ہاؤسنگ بینیفٹ
- آمدنی سے وابستہ امپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس (ESA)
- آمدنی کی بنیاد پر جاب سیکرز الاؤنس (JSA)
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹس
- ورکنگ ٹیکس کریڈٹس (WTC)
- انکم سپورٹ

آپ عام طور پر یونیورسل کریڈٹ اور ان بینیفٹس میں سے کوئی بیک وقت کلیم نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ان میں سے کسی بینیفٹس کو کلیم کر رہے ہوں تو آپ فی الحال ان پر باقی رہ سکتے ہیں – سوائے اس کے کہ آپ کے حالات بدل گئے ہوں۔ مثال کے طور پر، آپ کسی مختلف کونسل علاقے میں منتقل ہو گئے ہوں۔

آپ یونیورسل کریڈٹ اور کون اہل ہے اس کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں اس بابت معلومات شامل ہیں کہ کس طرح جانچ کریں کہ آیا آپ یونیورسل کریڈٹ کے لیے اہل ہیں اور یہ اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ درخواست کی کارروائی کے ہر ایک مرحلہ میں کیا کچھ شامل ہوگا۔

ملاحظہ کریں:
citizensadvice.org.uk/universalcredit

یونیورسل کریڈٹ کے لیے درخواست دینا

آپ یونیورسل کریڈٹ کے لیے آن لائن یا – کچھ محدود حالات میں – فون پر یا گھر پر درخواست دے سکتے ہیں۔ ہم درخواست کی کارروائی کے کسی بھی حصّہ سے متعلق آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنے یونیورسل کریڈٹ کی درخواست شروع کرنے سے متعلق مدد درکار ہو تو ممکن ہونے کی صورت میں ان تمام تفصیلات کو پیشگی اکٹھا کر لینا بہترین رہتا ہے جن کی آپ کو ضرورت پڑے گی۔ اس سے آپ کا وقت بچے گا اور درخواست دینا زیادہ آسان ہوگا۔

درخواست شروع کرنے کے لیے آپ کو درج ذیل معلومات کی ضرورت ہوگی:

- آپ کا نیشنل انشورینس نمبر
- ہاؤسنگ
- آمدنی اور بچت
- چائلڈ کیئر کی حالت
- دیگر بینیفٹس، اگر آپ کو کوئی ملتا ہے

آپ کو اس بارے میں مزید معلومات کہ آپ کے کلیم کے ہر ایک مرحلہ میں آپ کو کس چیز کی ضرورت ہوگی ہماری ویب سائٹ **citizensadvice.org.uk/startingyourclaim** پر مل سکتی ہیں